T.C: 040

016/DD/21

Register Number									

DEPARTMENTAL EXAMINATIONS

TRANSLATION TEST – SECOND PAPER – TRANSLATION OF NEWS PAPER REPORT IN URDU TO ENGLISH

(Without Books)

Maximum Time : 2.30 hours Maximum Marks : 100

(N.B - Marks will be deducted for bad handwriting)

Answer the following all questions **(5 × 20 = 100)**

تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔

ذیل کی عبارتوں کا انگریزی میں ترجمہ کیجئے (Translate into English) :

1. مرکزی وزیر مملکت شریپد یسونائک نے تریلہ میں
ہومیوپیتھی کے قومی انسٹی ٹیوٹ کا سنگِ بنیاد رکھ

نئی دہلی، ۱۸/اکتوبر، آیوش کے مرکزی وزیر مملکت شری پد یسونائک نے نریلہ میں ہومیوپیتھی کے قومی انسٹی ٹیوٹ کا سنگِ بنیاد رکھا۔ یہ قومی سطح کا انسٹی ٹیوٹ ہوگا اور کولکتہ میں ہومیوپیتھی کے قومی انسٹی ٹیوٹ کے طرز پر قائم کیا جائے گا۔ اس موقع پر ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نائک نے کہا کہ ہومیوپیتھی دنیا بھر اور ہندوستان میں تیزی سے مقبولیت حاصل کر رہی ہے۔ اور اسے لوگ قبول کر رہے ہیں۔ ہومیوپیتھی ملک بھر میں بھی بہت مقبول ہوگئی۔

[Turn over

2. گوا بحری سمپوزیم ۔ ۲۰۱۸

نئی دہلی، ۱۸/اکتوبر، ہندوستان کی بحریہ کے سربراہ ایڈمرل ستیل لامبانے گوامیں بحری جہاز ائی این ایس منڈووی میں گوا بحری سمپوزیم ۔ ۲۰۱۸ کے دوسری ایڈیشن کا افتتاح کیا، یہ ایک ایسا فورم ہے جو سمندری پڑوسیوں کے ساتھ دوستانہ تعلقات کوفروغ دینے کے لئے قائم کیا گیا ہے۔بحریہ کے سربراہ ایڈمرل سیتل لامبانے اس موقع پر ایک جریدے نیول وارکالج جنرل کا بھی اجراء کیا، جو بحری حکمتِ عملی اور سیکورٹی سے متعلق مصنفین اور مفکرین کے نظریات اور مکالوں کے ساتھ ایک تعلیمی جامع خلاصہ ہے، سیمینا میں مندوبین کا خیر مقدم کرتے ہوئے ایڈمرل لامبانے بحر ہند میں بحری سلامتی کوفروغ دینے کے لئے تعاون اور حصے داری کی اہمیت کو دہرایا۔

3. چھٹے انڈیا انٹرنیشنل سِلک فیئر کا افتتاح

نئی دہلی، ۱۸/اکتوبر، ٹیکسائل کی مرکزی وزیر سمرتی ایران نے نئی دہلی کے پرگتی میدان میں چھٹے انڈیا انٹرنیشنل سِلک فیئر (ائی ائی ایس ایف) کا افتتاح کیا۔اس موقع پر موجود معززین میں ہندوستان میں ویتنام کے سفیر فام سان چاؤ تھے۔

اس تین روزہ میلے میں جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والاے ۹/اور شمال مشرقی خطوں سے تعلق رکھنے والے ۱۰/ر نمائش کاروں سمیت ملک بھر سے کُل ۱۰۸/رنمائش کارشرکت کئے۔

4. مرکزی وزیر محترمہ ہرسمرت کور بادل نے خوراک کی ڈبہ بندی کے تمام شعبوں میں صفائی ستھرائی کو اوّلین ترجیح دینے کیلئے زور دیا

نئی دہلی، ۱۸/اکتوبر، ڈبہ بند خوراک کی صنعتوں کی مرکزی وزیر محترمہ ہرسمرت کور بادل نے سود چھتا پکھواڑے کی شروعات کی۔ ڈبہ بند خوراک کی صنعتوں کی وزارت کے ذریعہ شروع کردہ صفائی ستھرائی کی یہ مہم پندرہ

روزہ ہے۔صفائی ستھرائی کی یہ مہم ۱۶/ سے لے کر ۳۱/ اکتوبر ۲۰۱۸ء تک بنائی جائے گی۔اس موقع پر وزیر موصوف نے انڈین انسٹی ٹیوٹ آف پرسیسنگ ٹیکنالوجی، تنجاؤر، تملناڈو کے ذریعہ تیار کردہ، ویسٹ ٹو ویلتھ ٹیکنالوجی، یعنی فضلات سے سرمایہ کاری ٹیکنالوجی تک کے عنوان سے ایک کتابچہ بھی جاری کیا۔
اس کتاب اکا اجزاء کرتے ہوئے محترمہ ہرسمیت کور بادل نے کہا کہ خوراک کی ڈبہ بندی کی صفت میں صفائی سھترائی کو اولین ترجیح دی جاتی ہے۔انہوں نے اس موقع پر موجود صنعتی چیمبروں سے زور دے کر کہا کہ وہ اس مہم میں شرکت کریں۔

5. اپنی تہذیب اور ثقافت کے لئے کتابیں خرید کر پڑھیں۔راجیندر برادار

طلباء مہنگے موبائل، گھڑیاں، کپڑے سمیت دیگر عیش وآرام کی چیزیں خریدنے کے بجائے اچھے مصنفین کی کتابیں خرید کر اصل علم شے خود کو آراستہ پیراستہ کرنے کے لئے گیان یوگی پنچاکشری گوائی سیواسنگھ کے سکریڑی پروفیسر راجندر برادار نے صلاح دی۔وہ کرناٹک کالج میں کنیڈا پستک پرادیکار بنگلور، کرناٹک آرٹ سائنس اور کامرس کالج بیدر کے اشتراک سے منعقدہ ایک مقابلہ جاتی انعامی تقریب میں انعام تقسیم کرنے کے بعد طلباء سے خطاب کر رہے تھے۔انہوں بتایا پہلے ناول پڑھ کر ذہن سکون ملتا تھا۔جسم خوشی سے سرشار ہوجاتا۔اچھے اور بڑی شخصیات کی زندگی پڑھنے سے ہمارے جیون میں تبدیلی آیا کرتی تھی۔کتابیں ثقافتی سرمایہ ہوتی ہیں۔طلباء کو اس بات کا احساس ہونا چاہئے۔آسان زندگی، اونچے خیالات جیسی باتیں۔خیالی ہو کر رہ گئی ہیں۔سچن لکچرر نے اپنے خطاب میں

بتایا کہ دماغوں میں علم آنے کے لئے پران، پروچن جیسی کتابیں پڑھنی ہوگی۔ علم تاریخ کے ہیچ اوڈی پروفیسر ویجناتھ چک نے کہا کہ نئی تحقیقات ذہن اور کتابوں کی ثقافت ہی سے ممکن ہے۔ کناڑا ساہتیہ شعبہ کے ہیچ اوڈی ڈاکٹر جگن ناتھ ہبالہ نے استقبالیہ کلمات پیش کیے۔ کالج کے پرنسپل ڈاکٹر یم۔ ایس پاٹل نے صدارت کی۔ مقابلہ کے جیت چکے طلباء نے پون کمار انعام اول، کماری کاویری نے انعامِ دوم اور کماری پر ارتھنا نے انعام سوم حاصل کیا۔ ابتداء میں کناڑا شعبہ کی لکچرر ڈاکٹر سریکھا برادر نے استقبال کیا۔ جان جانیرالیکھا کی صدر کماری انورادھا چندر کانت نے نظامت کی ڈاکٹر مہانند اٹڈ کی نے اظہار تشکر کیا۔ کالج تمام لکچررس اور طلباء نے تقریب میں حصہ لیا۔